سوال

(210) مسند احمد سے حدیث تلاش کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب مجھے حدیث کے راوی صحابی کا نام معلوم ہوا اور میں وہ حدیث "مسند احمد" سے نکالنا چاہوں تو کس طرح سے نکالوں؟" (فتاوی المدینہ: 128)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

"المعجم المفہرس لالفاظ الحدیث" یا مفتاح کنوزالسنة "کی طرف رجوع کرنے سے ممکن ہے کہ آپ نکال لیں۔ تو یہ دونوں کتابیں آپ کی رہنمائی کریں گی کہ یہ حدیث کس جگہ وارد ہوئی ہے تو اس وقت آپ کے لیے اس صحابی کی بہت ساری احادیث میں سے اس حدیث کو نکالنا آپ کے لیے آسان ہو جائے گا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ البانیہ

اصول حدیث علل حدیث اور اسماء رجال کا بیان صفحہ: 284

محدث فتویٰ